© rasailojaraid.com



# تنقید و تبصرہ

## مقامِ صحابہؓ اور مسئلہ خلافت و شہادت

مقرر و مرشد: شیخ الحدیث مولانا عبدالحق

مرتب : مولانا سمیع الحق

ناشر : موتمر المصنفین۔ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک

صفحات : ۱۰۴

قیمت : چار روپے

حضرت شیخ الحدیث مولانا عبدالحق کی بدولت پشاور کے ایک چھوٹے سے قصبے اکوڑہ خٹک میں درس و تدریس علوم اسلامی کا جو چشمہ جاری ہوا تھا اس کا فیضان پاکستان اور بیرون میں دور دور تک جا پہنچا ہے اب یہ قصبہ تحقیق و تدوین علوم کا مرکز بھی بن گیا۔ اس مرکز علمی "موتمر المصنفین" کے قیام کو زیادہ عرصہ نہیں گزرا لیکن اس مختصر مدت میں بھی اس نے تقریباً ایک درجن نہایت مفید کتابیں مختلف علمی دینی اور اصلاحی موضوعات پر شائع کی ہیں۔ زیر نظر کتاب حضرت شیخ الحدیث کی ایک تقریر ہے جس میں نہایت شرح و بسط کے ساتھ مقام صحابہ اور مسئلہ خلافت و شہادت اور اس کے مختلف پہلوؤں پر نہایت دردمندی اور دل سوزی کے ساتھ اظہار خیال فرمایا ہے۔ اس کے مطالعے سے یہ بات پوری طرح واضح ہو کر سامنے آجاتی ہے کہ قرآن اور احادیث کی روشنی میں صحابۂ کرام کا مقام کیا ہے مسئلہ خلافت کی اصل حقیقت اور اہمیت کیا ہے اور واقعہ شہادت حضرت حسینؓ کس طرح ظہور پذیر ہوا۔ حضرت شیخ الحدیث نے بڑے دھیمے لہجے اور دل سوزی کے ساتھ دعوت اسلامی کا یہ فریضہ انجام دیا ان کے لہجے کا خلوص اور دل کی دردمندی اس تقریر کے ایک لفظ سے عیاں ہے مولانا سمیع الحق نے اس میں بیان کردہ تمام احادیث و روایات اور تاریخی واقعات و حوادث کی تخریج نیز حواشی اور تعلیقات و تشریحات سے اس کا پایۂ تحقیق بھی بہت بلند کر دیا۔ ہر طالب علم عالم اور تعلیم یافتہ کے مطالعے اور مسلمانوں کی ہدایت و ارشاد اور اصلاح اعمال و رسوم کے لئے ایک بنیادی اہم اور مفید کتاب جس کی زیادہ سے زیادہ اشاعت کی ضرورت ہے۔

(ا۔ س)

© rasailojaraid.com